رہبر معظم کی طرف سے ایرانی فضائیہ کے سربراہ کا تقرر - 28 /Oct/ 2006

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایک حکم میں میجرجنرل احمد میقاتی کو ایرانی فضائیہ کا سربراہ مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میجر جنرل احمدی میقاتی

فوج کے سربراہ کی تجویز اور آپ کے مفید اور قابل قدر تجربات اور تعہد کے پیش نظر آپ کو اسلامی جمہوریہ ایران کی فضائی فوج کا سربراہ مقرر کرتا ہوں ۔

امید ہے کہ فضائیہ کے متعہد اہلکاروں سے استفادہ کرتے ہوئے فضائیہ کی رزمی اور دفاعی صلاحیتوں میں مزید ارتقاء کے اسباب فراہم ہونگے۔

اس منصب پر میجرجنرل کریم قوامی کی شائستہ خدمات اور کوششوں کی قدر کرتا ہوں۔

خداوند متعال کی بارگاہ سے سب کی توفیق کا طلبگار ہوں۔

سید علی خامنه ای

6/8/1385